ہر اک قدم پہ سوچتے تھے سبطِ مصطفی
لختِ جگرِ زہرا ہوں اور ابنِ مرتضی
لے تو چلا ہوں نرغہ میں اصغر کو میں اٹھا
پانی کا گھونٹ بچے کو دشمن یہ دیں گے کیا

پانی کے واسطے نہ سنیں گے عدو میری
اصغر کی جان لیں گے دمِ گفتگو میری

پہنچے قریبِ فوج تو گھبرا کے رہ گئے
چاہا کریں سؤال پہ شرما کے رہ گئے
غیرت سے رنگ فق ہوا تھرا کے رہ گئے
چادر پسر کے چہرے سے سرکا کے رہ گئے

نظریں جھکا کے بولے کہ یہ ہم کو لائے ہیں
اصغر تمہارے پاس غرض لے کے آئے ہیں

لختِ جگرِ زہراء : مولاتنا فاطمة الزهراء ص‌ع نا جگر نا ٹکڑا **نرغہ** : (دشمنو نو) مجمع ، بھیڑ، هجوم **عدو**: دشمن **دمِ گفتگو میري** : امام حسين ص‌ع دشمنو ما نداء کرسے ، انے یہ سگلا سي (حجة نا خاطر) پاني طلب کروا واسطے وات کرسے ، "یہ وات کروانا وقت ما" دشمن تیر سي مولانا علي اصغر ع‌م نے قتل کري دیسے **پہ** : لیکن ، مگر **غيرة** : احساسِ عزة ، عزة نفس نو لحاظ و خيال ، حميت ، شرم **رنگ فَق هوا** : (اردو محاورة چھے) چهره ني رنگت بدلائي جاوو ، چهره اُتري جاوو (صدمہ ، خوف یاکہ پریشاني نا سبب)

یہ کون بے زباں ہے تمہیں کچھ خیال ہے
دُرِّ نجف ہے بانوئے بے کس کا لال ہے
لو مان لو تمہیں قسمِ ذو الجلال ہے
یثرِب کے شاہزادے کا پہلا سؤال ہے

پوتا علی کا تم سے طلبگارِ آب ہے
دے دو کہ اِس میں ناموری ہے ثواب ہے

گر میں بقولِ شمر و عمرو ہوں گناہ گار
یہ تو نہیں کسی کے بھی آگے قصوروار
شش ماہہ بے زبان نبی زادہ شیر خوار
ہفتم سے سب کے ساتھ یہ پیاسا ہے بے قرار

سن ہے جو کم تو پیاس کی شدّت زیادہ ہے
مظلوم خود ہے اور یہ مظلوم زادہ ہے

در: موتي **بے کس**: بے یار و مددگار **لال**: فرزند **قسم ذوالجلال**: خدا نا قسم

طلبگارِ آب: پاني طلب کرنار **ناموري**: شهرة **بقولِ شمر و عمرو**: لعین شمر انے لعین عمرو بن سعد نا قول پرمانے ، یہ بیوے نا کھوا مطابق

شش ماهہ: چھ (٦) مهینا نا **شیر خوار**: دودھ پیتا بچہ **هفتم سے**: ساتمي تاریخ سي **سِن**: عمر (age)

پھر ہونٹ بے زبان کے چومے جھکا کے سر
رو کر کہا جو کہنا تھا سب کہہ چکا پدر
باقی نہیں ہے بات کوئی میرے اے پسر
سوکھی زبان تم ہی دِکھادو نکال کر

پھیری زباں لبوں پہ جو اُس نورِ عین نے
تھرا کے آسمان کو دیکھا حسین نے

یاں آسماں پہ شہ کی نظر تھی اور اس طرف
حلقومِ بے زبان بنا تیر کا ہدف
چلو میں لے کے خون وہ شہزادہء نجف
پھینکا ہے اس کو سوئے فلك ہائے اَلاَسف

تب بے زباں نے ہچکی سی لی اور گزر گئے
معصوم پیاسے باپ کی گودی میں مر گئے

پدر : باوا　　پسر : فرزند　　تیر کا ہدف : تیر نو نشانہ　　سوئے فلك : اسمان نی طرف